# 8TH CLASS
# LESSON BASED ASSESSMENT
# UNIT TEST QUESTION PAPERS
# UNIT 1 to 6 (PART -1)
# WITH KEY ANSWERS
# URDU MEDIUM
# 2025-26

PREPARED BY
TEM URDU SCIENCE GROUP
BIJAPUR

# قوت اور دباو-یونٹ ٹیسٹ

مضمون:-سائنس　　　　مارکس-20

جماعت:-ہشتم　　　　وقت:-45منٹ

Iمندرجہ ذیل سوالات کے چار متبادلات جوابات دیے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کرو۔

1. قوت کے معنی ..　　　　3x1=3

a)کسی شے پر لگنے والا دھکا b)کسی شے پر لگنے والا کھینچاؤ c) کسی شے پر لگنے والا دھکا یا کھینچاؤ d) ان میں سے کوئی نہیں ۔

2. درج ذیل میں ایک حالت جہاں قوت کا استعمال نہیں ہوتا۔

a)میز پر رکھی ہوئی کتاب کو حرکت دینا b) کنویں سے پانی کی بالٹی کھینچنا c)دروازہ کھولنا اور بند کرنا d)خاموش کھڑے رہنا ہے

3. درج ذیل میں اتصال قوت کی مثال.

a)عضلاتی قوت b) کشش ثقل c) برق سکونی قوت d) مقناطسی قوت

II. مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھو۔　　　　3x1=3

4. عضلاتی قوت سے کیا مراد ہے.۔

5. مقناطیس کے ذریعے لگائی گئی قوت غیر اتصالی قوت ہے؟ کیوں ؟

6کشش ثقل کسے کہتے ہیں ؟

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھو۔　　　　2x2=4


7. دباؤ کسے کہتے ہیں؟اس کی اکائی لکھو۔

8. قوت رگڑ کسے کہتے ہیں؟ قوت رگڑ کی سمت کیسی ہوتی ہے؟(یا)

قوت کے اثرات کی فہرست بناؤ

IVمندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھو۔　　　　2x3=6

9. دی گئی شکل کا مشاہدہ کرو اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھو



i. تصویر میں دکھائی گئی غیر اتصالی قوت کا نام بتاؤ۔

ii. اس تصویر میں مقناطیسی قطبین کی کن خصوصیات کا اظہار کیا گیا ہے ؟

.10 وجہ بیان کرو۔

a) کاندھے پر لٹکانے والے تھیلوں میں چوڑی پٹیاں لگائی جاتی ہیں ؟

b) کاٹنے کے اوزار دھار دار ہوتے ہیں کیوں ؟

(یا)

. دی گئی تصاویر کا مشاہدہ کرو، یہ تصاویر رقیق کے ذریعے ڈالے گئے دباؤ کی کس خاصیت کی وضاحت کرتے ہیں ؟



i




ii



iii

V. درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھو۔ 1x4=4

.11 دی گئی تصویر کا مشاہدہ کرو، اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھو۔




a) کیا ہوگا، اگر صندوق پر دو قوتیں ایک ہی سمت عمل کریں۔

b) کیا ہوگا، اگر صندوق پر دو قوتیں مخالف سمت میں عمل کریں

اپنے جواب کے لیے جواز پیش کرو.

جوابات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | c) کسی شے پر لگنے والا دھکا یا کھینچاؤ | 1 |
| 2 | d) خاموش کھڑے رہنا ہے | 1 |
| 3 | a)عضلاتی قوت | 1 |
| 4 | عضلات کی عمل کے نتیجے میں لگنے والی قوت عضلاتی قوت کہلاتی ہے۔ | 1 |
| 5 | کیونکہ یہاں پر دو مقناطیس کے درمیان قوت بغیر رابطے کے لگ رہی ہے۔ | 1 |
| 6 | زمین کے ذریعے لگنے والی قوت, کشش ثقل کہلاتی ہے۔ | 1 |
| 7 | اکائی رقبے پر لگنے والی قوت دباؤ کہلاتی ہے۔ دباؤ کی اکائی پاسکل ہے جسے نیوٹن فی مربع میٹر سے بھی ظاہر کیا جاتا ہے | 2 |
| 8 | دو متصل سطحوں کے درمیان لگنے والی قوت جو حرکت کی مخالفت کرتی ہے رگڑ کہلاتی ہے۔<br>قوت رگڑ کی سمت ہمیشہ حرکت کی سمت کے مخالف ہوتی ہے | 2 |
| یا | <u>قوت کے اثرات</u><br>▪ کسی چیز کو سکون کی حالت سے حرکت کی حالت میں لاسکتی ہے<br>▪ چیز کی حرکت کی سمت کو تبدیل کر سکتی ہے<br>▪ چیز کی شکل میں تبدیلی لاسکتی ہے | |
| 9 | یہ مقناطیسی قوت ہے<br>مقناطیس کے مشابہ قطب آپس میں دفع کرتے ہیں ۔<br>مقناطیس کہ غیر مشابہ میں قطب آپس میں کشش کرتے ہیں | 3 |
| 10 | a) رقبے میں اضافہ دباؤ کو کم کرتا ہے چوڑی پٹیاں کاندھے پر کم دباؤ ڈالتی ہیں ۔<br>b) رقبہ جتنا کم ہوگا دباؤ اتنا زیادہ ہوگا۔ دھاری کا کم رقبہ چیزوں پر زیادہ دباؤ ڈالتا ہیں جس سے شے آسانی سے کٹ جاتی ہے۔ | 3 |
| یا | i. رقیق برتن کے پیندے پر دباؤ ڈالتے ہیں۔ رقیق کی مقدار میں اضافہ دباؤ میں اضافہ کرتا ہے۔<br>ii. رقیق برتن کی دیواروں پر دباؤ ڈالتے ہیں ۔<br>iii. رقیق یکساں گہرائی پر یکساں دباؤ ڈالتے ہیں۔ | |
| 11 | a) صندوق لگائی گئی قوت کی سمت حرکت کرے گا۔<br>وجہہ -دونوں قوتیں ایک دوسرے میں جمع ہو جاتی ہیں کیونکہ دونوں قوتوں کی سمت ایک ہی ہے۔<br>b) اگر دو قوتیں مخالف سمت میں عمل کر رہی ہیں تو صندوق اس سمت حرکت کرے گا جس سمت قوت کی قدر زیادہ ہے<br>وجہہ -اگر کسی چیز پر دو قوتیں مخالف سمتوں میں اثرانداز ہوتی ہیں، تو اس چیز پر لگنے والی کل قوت دونوں قوتوں کے فرق کے برابر ہوتی ہے۔ | 4 |